Urdu version

ہم ساتھ مل کر ایک منصفانہ سوسائٹی کی بالادستی تسلیم کرتے ہیں

رشوت مت دیں، بدعنوانی کی رپورٹ کریں

廉政公署 ICAC

رشوت مت دیں

رشوت ستانی ہانگ کانگ میں ایک مجرمانہ جرم ہے۔ ایک ملازم کا اپنے اختیار کا غلط استعمال کرنے کیلئے، فائدہ طلب کرنا یا قبول کرنا، چاہے وہ عوامی شعبے میں یا نجی شعبے کی کمپنی میں کام کر رہا ہو، ایک رشوت ستانی کا جرم ہے۔ جو شخص رشوت کی پیشکش کرتا ہے وہ بھی سزا کا مستوجب ہے۔ رشوت کی روک تھام کے آرڈیننس (PBO) کے مطابق، ایک فائدہ کسی بھی قدر و قیمت کی چیز کا حوالہ دیتا ہے، جیسے کوئی تحفہ، انعام، حصہ، قرض، دفتر، سہولت یا مدد۔ **کسی فائدہ کی پیشکش کرنا، طلب کرنا یا قبول کرنا کی زیادہ سے زیادہ سزا سات سال جیل کی قید اور *HK$500,000* کا جرمانہ ہے۔**

رشوت ستانی کی دو مثالیں نیچے دی گئی ہیں:

■ سرکاری ملازمت کیلئے درخواست دینا ■

ایک شہری نے سرکاری ملازمت کیلئے ایک درخواست جمع کروائی ہے۔ اس ملازمت کو جلد سے جلد حاصل کرنے کیلئے شہری ایک سرکاری افسر کو سہولت عمل کیلئے ایک تحفہ کی پیشکش کرتا ہے۔ شہری نے رشوت کی روک تھام کے آرڈیننس (PBO) کے تحت رشوت ستانی کے جرم کا ارتکاب کیا ہے کیونکہ ہانگ کانگ کی حکومت کی طرف سے اپنے افسروں کو تحفہ طلب کرنے یا قبول کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اگر سرکاری افسر درخواست کو عمل میں لانے کیلئے تحفہ کو انعام کے طور پر قبول کر لیتا ہے، تو وہ بھی رشوت ستانی کے جرم کا ارتکاب کرے گا۔

■ ملازمت ڈھونڈھنا ■

ایک نوکری ڈھونڈھنے والا ایک کمپنی کے منتظم کو ملازمت لینے کے لئے HK$3,000 کی پیشکش کرتا ہے۔ نوکری ڈھونڈھنے والا رشوت کی روک تھام کے آرڈیننس (PBO) کے تحت جرم کا ذمہ دار ہو گا ، جبکہ منتظم بھی قانون شکنی کا مرتکب ہو گا اگر وہ، اپنی کمپنی کی اجازت کے بغیر رقم کو کمپنی کے کاروبار کے حوالہ سے وصول کرتا ہے۔



بدعنوانی کے خلاف آزادانہ کمیشن (ICAC)

ICAC ہانگ کانگ میں آزادانہ اور پوری طرح وقف انسداد بدعنوانی کی ایجنسی ہے۔ یہ مؤثر قانون کے نفاذ، روک تھام اور تعلیم کے ذریعے بدعنوانی سے لڑتا ہے۔



بدعنوانی کی رپورٹ کریں

بدعنوانی عدم انصاف/زیادتی کو جنم دیتی ہے اور ہماری زندگیوں پر بری طرح سے اثر انداز ہوتی ہے۔ بدعنوانی کو برداشت مت کریں اور ICAC کو اس کی اطلاع دیں۔

- نسلی زبانوں میں ترجمانی کی خدمت کا اہتمام کیا جا سکتا ہے۔
- آپ کی مہیا کردہ شناخت اور معلومات کو رازداری میں رکھا جائے گا۔
- ملاقات کی کوئی بھی تقرری طے کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ رپورٹیں درج ذیل طرح سے تیار کی جا سکتی ہیں:

فون کے ذریعے: 366 266 25 (24-گھنٹے ہاٹ لائن)

بذات خود: ICAC رپورٹ سنٹر (24 گھنٹے سروس) یا کسی بھی ICAC علاقائی دفتر

ڈاک سے: GPO Box 1000, Hong Kong

ICAC Website : www.icac.org.hk